انسانی اسمگلنگ جرم ہے

زبردستی، جھوٹے وعدوں کے ذریعے یا دھمکا کر کسی قسم کی مزدوری یا جنسی سرگرمی کے لیے مجبور کیا جانا غیر قانونی ہے۔

جسم فروشی کے کاروبار کی مثالوں میں یہ شامل ہو سکتا ہے:

- بے گھری کا شکار کسی نو عمر فرد کو رہنے کے لیے ایک محفوظ جگہ کی پیشکش کیا جانا اور پھر ان کو کہا جانا کہ ان کو گاہکوں کے ساتھ جنسی فعل انجام دینا ہو گا۔
- مساج پارلر میں کام کرنے والے کسی فرد کو حکم دیا جانا کہ وہ اپنا ادھار چکانے کے لیے کام کی جگہ پر جنسی خدمات فراہم کریں۔
- کسی نابالغ فرد کی جسم فروشی کا کاروبار، قطع نظر اس سے کہ ایسا زبردستی، جھوٹے وعدوں کے ذریعے یا دھمکا کر کیا جا رہا ہے یا نہیں۔

جبری مزدوری کے کاروبار کی مثالوں میں یہ شامل ہو سکتا ہے:

- کسی کارکن سے مستقبل میں ادائیگی کا وعدہ کیا جانا اور پھر کسی جرم کا جھوٹا الزام لگانے دھمکی دے کر کام جاری رکھنے پر مجبور کیا جانا۔
- کسی کارکن کو ان کے یا ان کے خاندان کے ساتھ جسمانی تشدد کی دھمکی کے ذریعے کام جاری رکھنے پر مجبور کیا جانا۔
- کسی گھریلو ملازم کا پاسپورٹ اپنے پاس رکھ لینا اور ان کو دھمکی دینا کہ اگر انہوں نے اوقات کار سے زیادہ دیر تک بلامعاوضہ کام نہ کیا تو ان کو ملک بدر کروا دیا جائے گا۔

صلاح کار ایسی صورتحال سے باحفاظت نکلنے، بشمول رہائش گاہ کے انتظام، کا منصوبہ بنانے میں مدد کر سکتے ہیں اور مفت اور رازدارانہ معاونت سے آپ کا رابطہ کروا سکتے ہیں۔

انسانی سمگلنگ کی قومی
ہاٹ لائن: 1-888-373-7888
یا اس نمبر پر ٹیکسٹ کریں "BeFree" (233733)

NEW YORK STATE | Interagency Task Force on Human Trafficking

(REV 08/22) Pub-5253-UR